مدینۃ المسیح

قادیان ۱۶ ماہ ہجرت۔ سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے متعلق ساڑھے چھ بجے شام کی اطلاع مظہر ہے۔ کہ حضور کی عام صحت تو خدا تعالےٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ البتہ جمعہ کے بعد کسی قدر ضعف کی شکایت ہو گئی احباب دعائے صحت فرمائیں۔

حضرت ام المومنین مدظلہا العالی کی آنکھوں میں تکلیف ہے۔ احباب دعائے صحت فرمائیں۔

کل طلبائے مدرسہ احمدیہ تعلیم الاسلام ہائی سکول کے درمیان تقریری مقابلہ زیر صدارت ماسٹر محمد ابراہیم صاحب بی۔ اے ہوا۔ جس میں جری اللہ جماعت نہم تعلیم الاسلام ہائی سکول اول محمد شفیع صاحب اشرف مدرسہ احمدیہ دوم اور عبدالشکور صاحب مدرسہ احمدیہ سوم رہے اور انعامات حاصل کئے

جلد ۳۵ | ۱۷ ماہ ہجرت ۱۳۲۶ھ ش | جمادی الثانی ۱۳۶۶ھ | ۱۷ مئی ۱۹۴۷ء | نمبر ۱۱۷

احمدیت

آنحضرت سرور دو عالم جناب محمد مصطفےٰ احمد مجتبےٰ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کی مکی زندگی کا مطالعہ کیا جائے۔ اور ان مصائب پر نظر ڈالی جائے۔ جو ان کے اولین ایمان لانے والوں پر ٹوٹے اور اس استقامت اور قوت ایمان کو پیش نگاہ رکھا جائے۔ جس کا مظاہرہ ان اذیت رسیدگان نے کفار مکہ کی جفاکیشیوں اور ستم آرائیوں کے مقابلہ میں کیا۔ اور پھر ان عظیم الشان اور معجزانہ قربانیوں کا جائزہ لیا جائے جو اولین کلمہ گویوں نے کیں تو کون ہے جو نہ پکار اٹھے۔ کہ حقیقی اسلام کی بنیاد یہیں پڑی ہے۔ یہ شرف صرف مکہ معظمہ ہی کی سرزمین کو حاصل ہے۔ اور اسی کی تپتی ہوئی ریت پر حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو ننگے بدن لٹا کر سینے پر بھاری پتھر رکھے جاتے تھے۔ کہ ہلنے بھی نہ پائیں۔ یہیں ان کے گلوئے پاک میں رسی باندھ کر لونڈوں کے حوالے کیا جاتا تھا۔ کہ گلیوں اور بازاروں میں انہیں گھسیٹتے پھریں۔ یہیں حضرت عثمان رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو رسی سے باندھ کر خود آپ ہی کے چچا نے خوب پیٹا۔ حضرت ابوذر رضی کو یہیں مار مار کر ادھ موا کر کے ڈال دیا جاتا تھا اور یہیں حضرت زبیر کو چٹائیوں میں کس کر ان کی ناک میں دھواں دیا گیا۔ حضرت خباب۔ عمار۔ سمیہ۔ یاسر۔ صہیب ابو فکیہہ۔ لبینہ۔ زنیرہ۔ نہدیہ اور ام عبیس رضی اللہ عنہم یہ تمام ستارے اسی آسمان پر طلوع ہوئے۔ اور آج تک ان کی چمک نگاہوں کو خیرہ کر رہی ہے یہ تھیں وہ اینٹیں جو قصر احمدیت کی بنیاد میں لگائی گئیں۔ اسی فضا میں خود آنحضرت کی راہ میں کانٹے بچھائے جاتے تھے یہیں سجدے کی حالت میں آپ کی پیٹھ پر اونٹ کا معدہ معہ غلاظت ڈالا گیا۔ اس سرزمین کے چپہ چپہ پر آپ کی مخالفت کی گئی۔ اور (عیاذاً باللہ) آپ کو گالیاں دی گئیں۔ اور آپ کی ہر طرح سے توہین کی گئی۔ اسی خطے کے ایک حصہ شعب ابی طالب میں متواتر تین سال تک آپ کو آپ کے خاندان اور آپ کے نام لیواؤں کو نظر بند رکھا گیا۔ الغرض یہی وادِ غیر ذی ذرع ہے۔ جس کی خشک چٹانوں کی ایک غار سے آفتاب رسالت طلوع ہوا دنیا کا کوئی مقام اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا جو قربانیاں یہاں دی گئیں۔ ان کی نظیر کہیں نہیں مل سکتی۔ جہاد فی سبیل اللہ کا اس سے بہتر نمونہ کہیں نظر نہیں آیا۔ کیونکہ اس جہاد کے کرنے والے کے لئے ہر لمحہ اذیت ایک راحت اور ہر لمحہ درد ایک بشارت ہے۔ بس یہی وہ پہلا مقام ہے۔ جہاں نبی کریم احمد مجتبےٰ صلے اللہ علیہ وسلم نے آج سے پونے چودہ سو سال ہوئے احمدیت کا سنگ بنیاد رکھا۔ جو ہجرت میں چمکی۔ مدینہ میں پہنچ کر جلالی رنگ میں ظاہر ہوئی روح احمدیت ہی تھی۔ جس نے بدر و حنین میں اپنے کرشمے دکھائے۔ اور فتح مکہ کے وقت لا تثریب علیکم الیوم کی بے نظیر مثال دنیا کی تاریخ میں قائم کر دی۔

احمدیت ہی خلافت راشدہ کی پشت و پناہ تھی۔ صدیق اکبر رضی کا قیام دین۔ فاروق اعظم رضی کی سیاست۔ عثمان غنی کی رواداری حیدر کرار رضی کی شجاعت۔ سلمان رضی۔ ابوذر رضی کا فقر اور خالد رضی و طلحہ رضی کی شمشیروں پر یہی رنگ چڑھا ہوا تھا۔ حضرت حسن رضی نے زہر اور حضرت حسین رضی نے تیر و خنجر کھا کر اس رنگ کو اور بھی تیز کر دیا۔ حضرت معاویہ رضی نے اسی چشمہ رحمت سے بادشاہت کی نہر نکالی جو بڑھتے بڑھتے ایک ذخار سمندر کی صورت اختیار کر گئی۔ اگرچہ رفتہ رفتہ یہ چشمہ آب حیات حکومت فرماں روائی کے بحر ظلمات میں چھپ گیا۔ مگر ہر وقت احمدیت کے خضر پیدا ہوتے رہے۔ جنہوں نے دولت کے سکندروں کی راہ نمائی بھی کی۔ اور کجروی کے وقت ان کا مقابلہ بھی کیا حضرت عمر بن عبدالعزیز۔ امام ابوحنیفہ۔ امام احمد بن حنبل امام شافعی۔ امام مالک۔ امام غزالی۔ امام ابن تیمیہ۔ شیخ عبدالقادر جیلانی۔ مولانا روم ابن عربی رحمہم اللہ تعالےٰ لاکھوں چاند مطلع اسلام پر چڑھے اور اپنی اپنی چاندنی پھیلا گئے۔ زہر پئے۔ قیدیں بھگتیں کافر کہلائے۔ سنگسار کئے گئے مگر حقیقی اسلام کو جس کا آغاز رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کے مقدس ہاتھوں سے ہوا تھا۔ سلطنتوں کے استبداد۔ ظلم و تعدی فسق و فجور۔ تعیش وغیرہ امراض تباہ نہ کر سکے۔ یہاں تک کہ جب تاتاریوں نے اسلامی سلطنت کی بیخ و بن اکھاڑ دی۔ تو علمائے وقت نے احمدیت ہی سے فاتح کو مفتوح کیا۔ اس طوفان کی وجہ سے ہزاروں موتی شرق و مغرب میں بکھر گئے۔ خود ہندوستان میں ملک صفت نفوس پیدا ہوئے۔ خواجہ اجمیری۔ علی ہجویری۔ میاں میر وغیرہم نے احمدیت کے نور سے اس ظلمت کدے کو منور کر دیا۔ بڑے بڑے جبار بادشاہوں نے ان کے در کی جبہ سائی کی۔ مگر افسوس صد افسوس اس کے باوجود جاہلیت نے خود علماء و شیوخ کو بھی اپنے حلقہ آغوش میں لے لیا۔ اور آسمانی پانی دنیا کے چشموں سے خشک

ایڈیٹر۔ روشن دین تنویر

بھائی عبدالرحمٰن صاحب قادیانی پرنٹر و پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس قادیان میں چھپایا اور قادیان سے شائع کیا

حضرت امیر المؤمنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ کا جماعت سے خطاب

آپ کی جماعت کی طرف سے وقف جائیداد اور وقف آمد کی رپورٹ کیوں نہیں آئی؟

رقم فرمودہ حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ

برادران۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

دن گذر رہے ہیں۔ وقت گذر رہا ہے۔ لیکن وقف جائیداد اور وقف آمد کی رپورٹ اب تک آپ کی جماعت کی طرف سے نہیں آئی۔ یا آپ جماعت سے الگ رہتے ہیں۔ تو آپ نے اپنا وعدہ نہیں بھجوایا۔ وہ قربانی جو پہلے انبیاءؑ کی جماعتوں نے کی۔ اس کا بہت چھوٹا حصہ اس وقت آپ سے طلب کیا جا رہا ہے۔ کیا آپ اس میں کمزوری دکھائیں گے؟

اس وقت کئی گاؤں اور شہر یہ قربانی پیش کر چکے ہیں۔ آپ اللہ تعالیٰ کو کیا جواب دیں گے کہ وہ قربانی جو آپ ہی کے زمانہ میں آپ ہی کے ملک میں آپ ہی کے سے حالات میں آپ کے بھائیوں نے پیش کی۔ آپ وہ پیش نہ کر سکے۔

یاد رکھیں کہ صرف کسی نامکمل فہرست کا بھجوا دینا کافی نہیں۔ ضروری ہے کہ سو فی صدی لسٹ مکمل آئے۔ یہ ضروری نہیں کہ ہر فرد جماعت حصہ لینے والا ہو۔ مگر ہر شخص کا نام فہرست میں ہو۔ جو حصہ لینے والے ہوں۔ ان کے ناموں کے آگے لکھا ہو۔ کہ جائیداد یا آمد کا ۱/۱۰ یا ایک ماہ کی آمد ادا کریں گے یا ۱/۲۰ یا نصف ماہ کی آمد ادا کریں گے۔ اور جو انکاری ہو۔ اس کے آگے لکھا ہو۔ کہ یہ حصہ نہیں لینا چاہتے۔ اور جس نے معذرت کی ہو۔ اس کے آگے لکھا ہو۔ کہ یہ صاحب معذوری ظاہر کرتے ہیں۔ ناظر بیت المال سے کلی یا جزوی معافی کی درخواست کی گئی ہے۔

اسی طرح متفرق افراد کو یا حصہ لینا چاہیئے۔ یا معذرت کرنی چاہیئے۔ کسی نہ کسی رنگ میں ہر فرد کو اقرار ضرور کرنا ہوگا۔ خواہ اقرار اثبات میں ہو یا نفی میں۔

اللہ تعالیٰ جماعت کا حامی و حافظ ہو۔ اور ایمان کے اعلیٰ مقام تک پہنچنے کی توفیق بخشے۔ اور ہر امتحان میں کامیاب کرے۔ والسلام

خاکسار:- مرزا محمود احمد

ہو گیا۔ حکومت کے قصر ہائے فلک بوس جن کے سائے شش جہات میں پھیلے ہوئے تھے۔ متزلزل ہو گئے۔ دلوں پر مایوسیاں چھا گئیں۔ اور منحوسیوں نے اپنا ڈیرہ ڈال دیا۔ کیونکہ سلطنت کی بنیاد احمدیت کی چٹان سے سرک کر دنیا پرستی اور زرطلبی کے ریتے پر جا پڑی۔ زمین و آسمان سے آوازیں آنے لگیں۔ کہ "حکومت کی جو تلوار لا اکراہ فی الدین کا اصول دنیا میں قائم کرنے کے لئے مسلمان کے ہاتھ میں دی گئی تھی۔ اس نے اپنا حقیقی کام چھوڑ دیا ہے اس لئے اب یہ تلوار اس کے ہاتھ سے چھین لی جائے۔" اس پر دشمنوں نے جو پہلے ہی اس تاک میں بیٹھے ہوئے تھے موقع پاتے ہی۔ شور مچانا شروع کر دیا۔ کہ "اسلام تلوار سے پھیلا ہے۔" زیادہ افسوس تو یہ ہے۔ کہ یہ تاریکی خود مسلمانوں ہی نے اپنے اعمال سے پھیلائی۔ جاہل علماء نے ان کی تائید قرآن کریم کی آیات اور احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کی۔ دشمنوں نے اس سے فائدہ اٹھا کر اور بھی خورشید اسلام کے چہرے پر باطل کی گھٹائیں چڑھا دیں۔ مطلع عالم پر کامل تاریکی چھا گئی۔ ایسا ہونا ضروری تھا۔ اگر ایسی گھپ اندھیری رات نہ چھاتی۔ تو خورشید اپنی شعاعوں کے تیر تاریکی کے سینے میں پورے زور سے نہ مارتا۔ زیادہ حبس زیادہ باران رحمت کی خوشخبری دیتا ہے۔ سعید روحیں تلملا اٹھیں ان میں ایک ہیجان پیدا ہوا۔ آخر سرہند کی مقدس زمین سے ایک بجلی چمکی۔ جس کی روشنی تاریکی کو پھاڑتی ہوئی چار سو پھیل گئی۔ یہ آواز تھی شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ کی۔ جس نے یہ جانفزا مژدہ سنایا۔

"ایں زماں حقیقتِ محمدی حقیقتِ احمدم یا بد
و مظہر ذاتِ احد جل سبحانہٗ گردد"
(رسالہ مبدأ و معاد)

آپ کے بعد اس آواز کو بلند سے بلند تر کرنے والی ہستیاں پیدا ہوتی رہیں۔ یہاں تک کہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کے صاف اشاروں کے بعد سید احمد بریلوی علیہ الرحمۃ نے تو احمدیت کے دوبارہ ظہور کے قرب کی نشاندہی اپنی جان دے کر کر دی۔

ساعتِ وصل چوں شود نزدیک
آتشِ شوق تیز تر گردد

آخر وہ آفتاب احمدیت جس کی آمد کے لئے قومیں چشم براہ تھیں۔ پنجاب کے ایک چھوٹے سے قریہ قادیان سے جری اللہ فی حلل الانبیاء مہدی معہود و مسیح موعود سیدنا حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات بابرکات کی صورت میں طلوع ہوا۔ اور خود آپ نے اور آپ کے جاں نثاروں نے از سر نو لوائے احمدیت فضائے آسمانی میں لہرایا۔

دنیا نے پھر احمدیت کی وہی شان اپنی آنکھوں سے دیکھ لی۔ جو آغاز میں سرزمین مکہ نے دیکھی تھی۔ کفر کے فتوے لگے مغلظات سنے گئے۔ بائیکاٹ ہوئے۔ قتل کے حملے۔ مقدموں کے جال بچھائے گئے۔ جلاوطنیاں۔ غرض کونسا ظلم۔ کونسی سفاکی ہے۔ جو حضرت احمد علیہ السلام اور ان کی کمزور و ناتوان جماعت پر روا نہ رکھی گئی۔ لیکن جو فیصلہ آسمان پر ہو چکا ہے۔ تمام دنیا کی طاقتیں متحد و متفق ہو کر بھی اس کو نہیں ٹال سکتیں۔ مخالف طوفانوں کو چیرتے ہوئے اپنے اولوالعزم امام ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی قیادت میں احمدیت کے مجاہد دنیا کے کناروں تک پہنچ گئے ہیں۔ اور انشاء اللہ پہنچتے رہیں گے۔ تا آنکہ تاریک سے تاریک کونے بھی اسلام کے نور سے منور نہ ہو جائیں۔

غیر منتخب واقفین

حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ جن واقفین زندگی کو ابھی تک منتخب نہیں کیا گیا۔ وہ اپنے تازہ پتہ کے متعلق ہر تین مہینہ میں ایک مرتبہ وکیل الدیوان تحریک جدید قادیان کو اطلاع دیا کریں۔

(وکیل الدیوان تحریک جدید)

درخواستہائے دعا

(۱) فضل الٰہی صاحب بھیروی عرصہ دراز سے دماغی عارضہ میں مبتلا ہیں۔

(۲) شیخ احمد اللہ صاحب قریشی منزل دار العلوم عرصہ دراز سے بیمار ہیں۔

(۳) شیخ خوشی محمد صاحب لنگے ضلع گجرات مالی مشکلات میں مبتلا ہیں۔ اور میاں رحمت علی صاحب دینی و دنیاوی ترقیات کے لئے دعا کی درخواست کرتے ہیں۔ احباب ...

سکھ صاحبان غور فرمائیں

از مکرم ماسٹر علی محمد صاحب بی اے بی ٹی قادیان

کچھ عرصے سے پنجاب میں فسادات کی وجہ سے سیاسی فضا اس قدر مکدر ہوگئی ہے۔ کہ درست ہونے میں نہیں آتی۔ سرخضر حیات کا وزارت سے مستعفی ہونا تھا۔ کہ بعض سکھ اور ہندو لیڈروں نے جوشیلی تقریریں کر کرکے ہونے والے فسادات کے لئے پورا پورا سامان مہیا کردیا۔ یہ آگ لاہور سے بھڑکی۔ اور دائیں بائیں پھیلتی ہوئی گوڑگانواں اور ڈیرہ اسمٰعیل خان تک جا پہنچی۔ اور سارے پنجاب کو اس نے اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ اب صوبے کا امن برباد ہو چکا ہے۔ زندگی غیر یقینی ہوگئی ہے۔ جان و مال کی حفاظت موہوم سی نظر آتی ہے۔ اگر اس آگ کو پھیلنے سے اسی وقت روک دیا جاتا۔ تو بہت سا نقصان جان و مال کا جواب ہؤا ہے وہ نہ ہوتا۔ اب بھی بہت کچھ ہو سکتا ہے۔ بشرطیکہ ہندو مسلمان اور سکھ لیڈر آپس میں سر جوڑ کر بیٹھیں۔ اور اپنے صوبے کی بہتری کی تجاویز پر غور کریں۔

بعض اصحاب نے اپنے مخصوص مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے پنجاب کو دو حصوں میں تقسیم کرنے کی تجویز کی ہے۔ لیکن جہاں یہ تجویز شر انگیز ہے۔ وہاں غیر مفید اور نقصان دہ بھی ہے۔ اس وقت ہمارا روئے سخن سکھوں کی طرف ہے۔ ان کے بعض داناؤں نے یہ تو سوچ لیا۔ کہ پنجاب کی تقسیم کر کے مشرقی پنجاب میں سکھوں کی ایک خود مختار ریاست بنائی جاسکتی ہے۔ لیکن انہوں نے یہ نہ سوچا کہ سکھ قوم کو دو حصوں میں تقسیم کر کے وہ اس کو مضبوط کس طرح بنا سکتے ہیں۔ سکھوں کی وہ بستیاں جو پاکستان میں ہونگی۔ ان کی حفاظت کا کیا انتظام سوچا گیا ہے۔ اور سکھوں کے وہ مقدس مقامات جو اسلامی ریاست میں ہونگے۔ ان کی حفاظت کا کیا انتظام ہوگا۔ اور پھر وہ غیور مسلمان جو سکھ ریاست میں ہونگے۔ سکھوں کے کس طرح وفادار بن سکتے ہیں۔ جبکہ ان کی مرضی کے خلاف ان کو سکھ ریاست میں رہنے پر مجبور کردیا جائے گا۔ آبادیوں کا تبادلہ تمام حالات میں ممکن نہیں ہوتا۔ پھر سکھوں اور مسلمانوں کو دو دو حصوں میں تقسیم کر دینا کہاں کی عقلمندی ہے۔ ضلع لدھیانہ میں سکھوں کی آبادی تمام اضلاع کے مقابلہ میں زیادہ ہے لیکن اسی ضلع لدھیانہ میں مسلمانوں میں راجپوت جاٹ اور گوجر اور الراعی قوم کے لوگ بھی کثرت سے آباد ہیں۔ راجپوت صاحب ریاست رہے ہیں۔ اور اب بھی وہ دوسری اقوام کے مقابلہ میں زیادہ صاحب حیثیت اور بارعب قوم ہیں۔ وہ اس امر کو ہرگز برداشت نہیں کریں گے۔ کہ ان کو ان کی مرضی کے خلاف سکھوں کی غلامی میں دے دیا جائے۔ صرف اس لئے کہ سکھوں کی ایک خود مختار ریاست بن سکے۔ لدھیانہ کے ساتھ ہوشیارپور اور جالندھر کے اضلاع ملتے ہیں۔ جن میں راجپوت برادری مسلسل پائی جاتی ہے۔ اور الراعی قوم کے لوگوں کی بھی کمی نہیں۔ جو جالندھر۔ لدھیانہ اور ہوشیارپور میں کثرت سے پائے جاتے ہیں۔ ان کے علاوہ دوسرے مسلمان بھی ہیں۔ جو اپنی تعلیمی اور اقتصادی حیثیت سے دوسری مسلمان اقوام سے کسی طرح کم نہیں۔ ایسے حالات میں ان تمام مسلمانوں کو ان کی مرضی کے خلاف سکھوں کے قبضے میں دے دینا ان کو غلام بنانے کے مترادف ہے۔ اور یہ حالت زندہ قومیں کبھی برداشت نہیں کرسکتیں۔

سب سے ضروری بات جس کی طرف میں سکھ صاحبان کو توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ وہ یہ ہے کہ ہندوستان میں صرف پنجاب ہی ایک ایسا صوبہ ہے۔ جس کو سکھ اپنا کہہ سکتے ہیں۔ ان کے مقدس مقامات پنجاب کے مختلف اضلاع میں پائے جاتے ہیں۔ لدھیانہ۔ جالندھر۔ امرتسر۔ لاہور۔ شیخوپورہ۔ گوجرانوالہ۔ راولپنڈی۔ ملتان۔ غرضیکہ کوئی بھی ضلع ایسا نہیں جہاں ان کے کسی مذہبی بزرگ کی یادگار میں کوئی گوردوارہ بنا ہؤا ہو اس لئے سکھوں کو تمام اضلاع پنجاب سے ایک جیسا تعلق ہے۔ اور ہونا چاہیئے تقسیم پنجاب خود سکھوں کے لئے بھی ایسی مضر ہے۔ جیسی مسلمانوں کے لئے ہاں اگر فائدہ ہے تو ہندو صاحبان کا کہ ایک سکھ ریاست کے بننے سے ان کے مفاد سکھ ریاست میں بھی نمایاں ہو جائینگے۔ اور وہ سکھوں کے ملک میں اپنا اقتصادی جال بچھا سکیں گے۔ تمدنی یا سماجی طور پر سکھ چونکہ ہندوؤں سے علیحدہ نہیں ہوئے۔ اس لئے ہندو صاحبان سکھوں کو اپنا ہی ایک جزو سمجھ کر اپنا الو سیدھا کرتے رہے ہیں اور کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن سکھوں اور مسلمانوں کا مذہبی رنگ میں چولی دامن کا ساتھ ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے۔ کہ مذہبی طور پر سکھ مسلمانوں سے نہ علیحدہ ہو سکتے ہیں۔ اور نہ کبھی ہوئے ہیں۔ اگر وہ اپنی تاریخ پر غور فرمائیں۔ تو ان کو قدم قدم پر اپنا مذہب اسلام کے شیشے میں نظر آئے گا۔ تعلیم اور طریق عبادت وہی ہے۔ جو اسلام میں رائج ہے۔ فرق صرف اتنا ہے۔ کہ اسلامی تعلیم کو دیسی یا پنجابی رنگ دے دیا گیا ہے۔ لیکن پنجاب میں ہندوؤں کی کوئی ایسی یادگار نہیں۔ جس کو تاریخی کہا جاسکے۔ یا مذہبی قرار دیا جاسکے۔ پس سکھوں اور مسلمانوں کے تعلقات ایسے ہیں۔ جن کو ایک دوسرے سے جدا نہیں کیا جاسکتا۔

جناب مولوی غلام رسول صاحب مجاہد کی تشویشناک علالت

لنڈن ۱۵ مئی جناب چوہدری مشتاق احمد صاحب باجوہ امام مسجد احمدیہ لنڈن بذریعہ تار اطلاع دیتے ہیں کہ

مکرم مولوی غلام رسول صاحب مولوی فاضل واقف زندگی کا بایاں پھیپھڑا مادۂ دق سے متاثر ہے۔ وہ حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ اور احباب جماعت سے دردمندانہ دعا کی درخواست کرتے ہیں۔

نماز میں بلند آواز سے دعائیں

سوال۔ ایک شخص نے سوال کیا کہ حضور (حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام) امام اگر اپنی زبان میں مثلاً اردو میں باواز بلند دعا مانگتا جاوے۔ اور مقتدی آمین کہتے جائیں۔ تو کیا یہ جائز ہے جبکہ حضور کی تعلیم ہے۔ کہ اپنی زبان میں دعائیں نماز میں کر لیا کرو۔

جواب۔ دعا کو باواز بلند پڑھنے کی ضرورت کیا ہے۔ خدا تعالےٰ نے تو فرمایا ہے تضرعاً وخفیۃ اور دون الجھر من القول

عرض کیا قنوت تو پڑھ لیتے ہیں

فرمایا ہاں ادعیہ ماثورہ جو قرآن و حدیث میں آچکی ہیں وہ بے شک پڑھ لی جاویں۔ باقی دعائیں جو اپنے ذوق و حال کے مطابق ہیں۔ وہ دل میں ہی پڑھنی چاہئیں (البدر [illegible])

روزنامہ "تنویر" لکھنؤ اور تبلیغ اسلام

(از مولوی محمد اسماعیل صاحب دیال گڑھی)

لکھنؤ کے مشہور مسلم لیگی آرگن روزنامہ "تنویر" کے ۲۰ مئی کے پرچہ میں مدیر محترم نے "تبلیغ سے غفلت" کے موضوع پر لیڈر لکھا ہے۔ جسے پڑھ کر بے حد خوشی ہوئی۔ کہ الحمد للہ مسلمانوں کو بھی اپنے مرض کا احساس ہونے لگا ہے۔ بیشک اس مرض کے اصل علاج سے وہ تا حال محروم ہیں۔ اور اس مصیبت کا صحیح حل وہ تلاش نہیں کر سکے بلکہ یوں کہنا چاہیئے۔ کہ صحیح حل اور اصل علاج آنکھوں کے سامنے ہوتے ہوئے انہوں نے اسے قبول نہیں کیا۔ لیکن فی الحال یہ احساس بھی غنیمت ہے۔ کیونکہ اگر یہ قائم رہا۔ تو ان شاء اللہ وہ دن بھی دور نہیں۔ کہ خدا تعالیٰ ان کے صحیح علاج کو قبول کرنے کی طرف ان کی راہنمائی فرمائے۔ اور اندھیرے سے نکال کر انہیں نور میں لا کھڑا کرے۔

"تنویر" اخبار کے ایڈیٹر لکھتے ہیں:۔

"تبلیغ اسلام ہر مسلمان مرد و عورت پر حسب استطاعت و استعداد لازم ہے۔ افسوس ہے۔ کہ سب سے زیادہ غفلت اس باب میں ہندوستان کے مسلمانوں نے برتی ...... سب سے بڑی چیز جس نے اسلام کو مفتوح اقوام اور مغلوب ممالک میں مقبول و دلعزیز بنایا۔ وہ خود ان مبلغوں کی صحیح اسلامی زندگی تھی۔ ان کی گفتار اور کردار۔ عبادات اور معاملات۔ ہر چیز اسلام کے اعلیٰ معیار کے مطابق ہونے کے باعث۔ ساری دنیا کے لئے جو طرح طرح کی بداعمالیوں اور بدعقیدگیوں میں گرفتار اور اخلاق حسنہ سے محروم تھی۔ باعث کشش تھی۔ ...... افسوس ہے کہ ہندوستان کے مسلم بادشاہوں نے ...... تبلیغ اسلام پر ادنیٰ سی توجہ نہیں کی۔ اور بادشاہوں سے بھی بڑھ کر ان علماء و مشائخ کا طرز عمل دنیا میں قابل افسوس اور آخرت میں قابل مواخذہ رہا۔ جنہوں نے اس فریضہ سے غفلت برت کر ہندوستان میں مسلم قوم کی آج یہ حالت کر دی ...... تبلیغ اسلام میں سب سے بڑی رکاوٹ خود مسلمانوں کی غیر اسلامی زندگی ہے۔ اگر آج مسلمان زندگی کے ہر شعبہ میں سچا مسلمان بن جائے۔ تو کوئی وجہ نہیں کہ اس کا اثر اس کے ہمسایوں پر نہ پڑے۔ اس کی زندگی روز مرہ کی زندگی ہی ایک مستقل تبلیغ ہوگی۔ پتھروں کو گداز کرنے والی۔ سنگ دلوں کو نرم بنانے والی۔ اور شدید سے شدید گمراہوں کو بھی راہ راست پر لانے والی۔"

ایڈیٹر صاحب "تنویر" نے بالکل درست فرمایا۔ کہ مسلمانوں کی تباہ حالی اور بربادی کا اصل سبب دین سے دوری اور تبلیغ اسلام سے غفلت اور لاپرواہی ہے۔ جماعت احمدیہ ہمیشہ سے مسلمانوں کو ان کی اس غفلت کی طرف توجہ دلاتی رہی ہے۔ آج سے بہت عرصہ پیشتر پنجاب کے فسادات کے پہلے اور بعد بھی حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اس چیز کی طرف توجہ دلا چکے ہیں۔ کہ اگر مسلمان فریضہ تبلیغ پر عامل رہتے تو آج ان کو بہار اور گڑھ مکتیشر وغیرہ میں تباہی کا سامنا نہ کرنا پڑتا۔

مدیر "تنویر" کا یہ ارشاد بھی بالکل بجا اور درست ہے۔ کہ مسلمانوں کی خستہ حالی کی تمام تر ذمہ داری ان کے علماء اور مشائخ کہلانے والوں پر ہے۔ علماء اور مشائخ کا طرز عمل دنیا میں قابل افسوس اور آخرت میں قابل مواخذہ رہا۔ جنہوں نے اس فریضہ سے غفلت برت کر ہندوستان میں مسلم قوم کی آج یہ حالت کر دی۔

اس سے ان لوگوں کی آنکھیں کھل جانی چاہئیں۔ جو جماعت احمدیہ کے مقابلہ میں "علماء" کے اس گروہ کو پیش کر کے کہا کرتے ہیں۔ کہ ہمیں کسی مامور اور مصلح کی کیا ضرورت؟ ہمارے "علماء اور مشائخ" جو موجود ہیں۔ وہ ہماری رہنمائی کے لئے کافی ہیں۔ پھر "مودودیانہ خیالات" کی پیروی کرنے والوں کو بھی سوچنا چاہیئے۔ کہ مسلمانوں میں اب خدا تعالیٰ کے فضل اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی تعلیم کے اثر سے غلط جہاد کا خیال دور ہو کر اس کی جگہ صحیح جہاد اکبر کا احساس پیدا ہو رہا ہے۔ مسلمان اب اہم ترین چیز اور اصلی جہاد تبلیغ اسلام ہی کو سمجھ رہا ہے۔ اور ہنگامہ آرائی فسادات اور تخریبی نوعیت کی تحریکوں اور خیالات سے اپنے آپ کو بالا کر کے نیک نمونہ۔ بہترین عمل اور تبلیغ دین کے ذرائع کو اختیار کرنے میں ہی کامیابی سمجھتا ہے۔ اور جاننے لگا ہے۔ کہ تلوار سونت کر ہر مخالف پر پل پڑنے کا نام جہاد نہیں۔ یہ خیال اسلام کو بدنام کرنے والا ہے۔ اصلی جہاد تبلیغ اسلام ہی ہے۔

بالآخر مدیر "تنویر" کی خدمت میں بھی ہم یہ عرض کر دینا ضروری سمجھتے ہیں۔ کہ ان کے اندر تبلیغ اسلام کا احساس پیدا ہونا بہت مبارک تحریک ہے۔ مگر جو طریق اپنے مضمون کے آخر میں انہوں نے بیان فرمایا ہے۔ کہ "نہ اس کے لئے انجمن سازی کی ضرورت ہے۔ نہ لمبے چوڑے چندے کی حاجت ہر مسلمان اپنی اور اپنے گھر والوں کی زندگی اسلامی بنائے۔ تبلیغ خود بخود ہو جائے گی۔" اس خیال سے ہمیں اتفاق نہیں۔ اور نہ ہی یہ طریق قرآن مجید کا بیان فرمودہ ہے۔ اس میں تو کوئی شبہ ہی نہیں۔ کہ جب تک ہر مسلمان اپنے آپ کو اسلام کا صحیح نمونہ نہیں بنائیگا۔ جب تک اس کے قول و فعل میں مطابقت نہیں ہوگی۔ جبتک وہ پہلے خود نیکی اور تقویٰ اپنے دل میں پیدا نہیں کریگا۔ اس وقت تک وہ کبھی اور کسی میدان میں کامیاب نہیں ہو سکتا۔ مگر ہر ایک مسلمان کا خالی اپنے آپ کو سچا مسلمان بنا کر اس خیال سے گھر میں بیٹھ جانا درست نہیں۔ کہ تبلیغ خود بخود ہوتی رہے گی۔ بلکہ اپنے اندر ایمان پیدا کرنے اور اپنے آپ کو اسلام کا بہترین نمونہ بنا لینے کے بعد اسے تبلیغ اسلام کے لئے میدان میں نکلنا ہوگا۔ اور ادع الیٰ سبیل ربک بالحکمۃ و الموعظۃ الحسنۃ۔ اور بلّغ ما انزل الیک پر عمل کرتے ہوئے ہر خشکی و تری۔ ہر پستی و بلندی میں نہ صرف زبان حال سے بلکہ زبان قال سے خدا تعالیٰ کا حکم پہنچانا ہوگا۔

خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔ ولتکن منکم امۃ یدعون الی الخیر کہ مسلمانوں میں ہر وقت اور ہر زمانہ میں مبلغین کی ایک باقاعدہ جماعت ہونی چاہیئے۔ جن کی تمام تر زندگی تبلیغ دین کے لئے وقف ہو۔ صرف یہی کافی نہیں کہ ہر شخص نیک بن جائے۔ اور محض اپنی نیکی کو ہی تبلیغ سمجھے۔ بلکہ ہر شخص وقت نکال کر اپنے گرد و پیش رہنے والوں اپنے شہر والوں۔ اپنے ملک میں بسنے والوں کو اسلام کا پیغام پہنچاتا رہے۔ اور پھر اس پر بھی اکتفا نہ کی جائے۔ بلکہ مسلمانوں کی ایک باقاعدہ امۃ (یعنی ٹرینڈ فوج) ہر وقت اسی کام میں لگی رہے۔ ظاہر ہے کہ یہ سب کام خود بخود نہیں ہو سکتے۔ جب تک ایک مکمل اور مضبوط نظام نہ ہو۔ اس کے لئے ایک واجب الاطاعت امام کی ضرورت ہے۔ جیسا کہ آیت استخلاف میں خدا تعالیٰ نے وعدہ بھی فرمایا ہے۔ کہ میں مسلمانوں کی تنظیم کو مضبوط رکھنے اور ان کو ایک لڑی میں پروئے رکھنے کے لئے وعدہ کرتا ہوں۔ کہ میں خود آسمان سے اس کا انتظام کروں گا۔ اور پھر اس نظام کے ذریعہ مسلمانوں کے خوف و ہراس کو امن سے بدل دونگا۔ پھر اس کام کو چلانے کے لئے ایک متحدہ مرکز کی ضرورت ہے۔ جو تمام دنیا میں پھیلے ہوئے مبلغین کی جماعت کا مرجع ہو۔ اور ان پر کنٹرول رکھے۔ اور افراد بھی اسی مرکز کے ماتحت متحد ہوں۔ پھر لازماً ان تمام امور کو چلانے کے لئے مرکزی بیت المال کی بھی ضرورت ہے۔ تاکہ مالی ضروریات کو پورا کرنے کا انتظام ہو سکے۔ اس کے بغیر یہ خیال محض خیال ہی ہے۔ جو عملی شکل اختیار نہیں کر سکتا۔ اس وقت دنیا کے طبقہ پر خدا تعالیٰ کے فضل سے صرف جماعت احمدیہ ہی ایک ایسی جماعت ہے۔ جس کا ہر چھوٹا بڑا۔ مرد اور عورت تبلیغ اسلام کو اپنا فرض سمجھتا ہے۔ اور اس جماعت کے سینکڑوں مبلغ بیرونی ممالک یورپ۔ افریقہ امریکہ اور جزائر میں تبلیغ اسلام میں مصروف ہیں اور درجنوں ہندوستان میں۔ جماعت کا اپنا بیت المال موجود ہے۔ اور اس طرح تبلیغ کا کام خدا کے فضل سے ٹھوس رنگ میں ہو رہا ہے۔ کاش دین کا درد اور تبلیغ کا جوش رکھنے والے مسلمان وقت کی نزاکت اور تبلیغ کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے خدا تعالیٰ کی اس لڑنے والی فوج میں شامل ہو جائیں۔ جو دنیا کے چاروں کونوں میں اسلام کی مخالف طاقتوں سے برسر پیکار ہے۔

نئے ارض وسماء

لائیڈن یونیورسٹی کے دو مستشرقین سے ملاقات

(از نواب زادہ میاں عباس احمد صاحب مجاہد احمدیت)

چند دن ہوئے خاکسار اور عبد العزیز صاحب جو یہاں ایک مخلص تاجر احمدی ہیں۔ ہالینڈ میں ایک صنعتی نمائش دیکھنے کے لئے گئے اپنے اس سفر سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ہم ہالینڈ کی مشہور یونیورسٹی کا صدر مقام لائیڈن Leiden بھی دیکھنے کے لئے گئے اور اپنے ہمراہ ہالینڈ کے احمدی نوجوان مسٹر ظفر اللہ کاغ کو بھی لے گئے۔ اور وہاں دو مشہور مستشرقین کو ملے۔ احمدی احباب کی دلچسپی کے لئے اس گفتگو کا ملخص تحریر کرتا ہوں:۔

دو مستشرقین میں سے ایک کا نام کریمر Cramer اور دوسرے کا نام کرامر ہے ثانی الذکر ہندوستان بلکہ قادیان بھی ہو آیا ہے۔ اور حضور ایدہ اللہ سے بھی مل چکا ہے پہلے روز ڈاکٹر کریمر کو ملے۔ اور اس کے لئے دو کتب اسلامی اصول کی فلاسفی اور احمدیت یا حقیقی اسلام تحفہ لے گئے۔ دونوں کتب اس نے بہت خوشی سے قبول کیں اول الذکر کتاب اس کے پاس پہلے بھی موجود تھی۔ ڈاکٹر موصوف کو اس بات سے بہت دلچسپی تھی۔ کہ احمدیہ جماعت کے دو فریق کس طرح ہو گئے۔ علیحدگی کے موجبات کیا تھے چنانچہ تفصیل کے ساتھ انہیں بتایا گیا نیز اس ترقی کے بارہ میں تفصیل کے ساتھ بتایا گیا۔ جو مبائع جماعت نے لاہوری جماعت کی نسبت کی ہے۔ نیز جنگ کے بعد جو ہماری تبلیغی مساعی اور خاص جدوجہد شروع ہوئی اس کے متعلق بھی بتایا گیا۔ وقف زندگی اور وقف جائیداد کے مطالبات اسے بتلائے گئے۔ ڈاکٹر موصوف سے ہماری قریباً ایک گھنٹے تک ملاقات جاری رہی اور ہمارے ساتھ بہت اچھی طرح پیش آئے ہماری گفتگو میں ان کی بیوی بھی بہت دلچسپی لیتی رہیں۔ ان کی بیوی OXFORD GROUP کے ہم خیالوں سے تعلق رکھتی ہیں۔ اور وہ الہام کی قائل ہیں۔ انہیں بتایا گیا۔ کہ ہر بات جو دل میں آئے۔ وہ الہام نہیں ہو سکتی۔ بلکہ الہام کے جاننے کا بھی ایک معیار ہے۔ جس کو حضرت مسیح نے اور کتب سابقہ نے بھی بیان کیا ہے مسیح کی تعلیم کے متعلق ان کا خیال تھا۔ کہ ضروری تعلیم اس میں آ گئی ہے۔ اس بارہ میں بھی انہیں بتایا گیا۔ کہ مسیحی تعلیم ناقص ہے۔ اور اسلام کی تعلیم مکمل ہے

ڈاکٹر کریمر عربی اور فارسی اچھی طرح جانتے ہیں۔ ہماری گفتگو میں نماز کے فلسفہ کے متعلق بات چھڑ پڑی۔ میں نے انہیں بتایا۔ کہ لفظ صلوٰۃ ہی نماز کے فلسفہ کو بیان کرتا ہے جیسا صلی النار کے معنی ہیں آگ جلا۔ اور صلوٰۃ کا مقصد بھی چونکہ خدا تعالیٰ کے عشق کی تپش پیدا کرنا ہے۔ اس لئے اس کا نام صلوٰۃ رکھا گیا ہے۔ ڈاکٹر موصوف نے اس بات کا اعتراف کیا۔ کہ احمدیت نے اسلام کو عمدہ رنگ میں پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ ایک دوست جنہوں نے مذاہب کا مطالعہ کیا ہے۔ نے ان سے کہا۔ مسیحیت کے مقابلہ میں اسلام کے خلاف ان کو کوئی ایسی بات نظر نہیں آتی جس کی بنیاد پر وہ اسلام پر نکتہ چینی کر سکیں۔ سوائے اس کے کہ یہ کہا جائے۔ کہ اسلام توحید میں بہت مبالغہ کرتا ہے۔ چنانچہ اسکا انہیں جواب دیا گیا۔ کہ مبالغہ کرنے کے تو عیسائی ملزم ہیں۔ ڈاکٹر موصوف نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ ان کے نام Review of Religions جاری کر دیا جائے۔

دوسرے روز ہم ڈاکٹر کرامر کو ملے۔ یہ صاحب بھی مستشرق ہیں اور ہالینڈ کے عیسائی مبلغوں کو تبلیغ کے لئے تیار کرتے ہیں۔ ان سے گفتگو زیادہ سیاسی ہوتی رہی۔ انہیں بتایا گیا۔ کہ احمدیوں کا موجودہ سیاسیات ہندوستان میں کیا رویہ ہے۔ باہم بے اعتمادی جو ہندو مسلمانوں کے درمیان پیدا ہو گئی ہے۔ اس کو دور کرنے کا حضرت خلیفۃ المسیح نے کیا حل پیش کیا ہے۔ ڈاکٹر موصوف نے اس حل کی عمدگی کو تسلیم کیا ہے۔

تقرر عہدہ داران جماعتہائے احمدیہ

بہ تسلسل اعلان مندرجہ اخبار الفضل مجریہ ۲۲۔ اپریل ۱۹۴۷ء جن مزید جماعتوں کی طرف سے عہدہ داروں کے جدید انتخابات ہو کر نظارت علیا میں پہنچے ہیں۔ ان میں سے مندرجہ ذیل جماعتوں کے عہدہ داروں کی منظوری دی جاتی ہے۔ یہ تقرریاں یکم مئی ۱۹۴۷ء سے ۳۰۔ اپریل ۱۹۵۰ء تک صرف تین سال کیلئے ہیں۔ اس عرصہ میں کسی عہدہ دار کی تبدیلی اور علیحدگی وغیرہ کی وجہ سے ضمنی انتخاب کیا جانا ضروری ہوگا۔ اور یہ بھی ضروری ہوگا۔ کہ نئے منتخب شدہ عہدہ دار کی اطلاع فوراً نظارت علیا میں کی جائے۔

جماعتوں کو یہ بات نوٹ کر لینی چاہیئے۔ کہ نظارت علیا صرف مندرجہ ذیل عہدہ داروں کی منظوری دیتی ہے۔

(۱) امیر جماعت۔ نائب امیر۔ پریذیڈنٹ۔ وائس پریذیڈنٹ۔ جنرل سکرٹری۔ سیکرٹری تبلیغ۔ سیکرٹری تعلیم وتربیت۔ سیکرٹری امور عامہ۔ سیکرٹری امور خارجہ۔ سیکرٹری وصایا۔ سیکرٹری مال۔ سیکرٹری تالیف وتصنیف۔ سیکرٹری ضیافت۔ سیکرٹری جائداد۔ آڈیٹر۔ امین۔ محاسب (۲) امراء اور نائب امراء کی منظوریوں کا اعلان علیحدہ ہوا کرے گا۔ (۳) مندرجہ بالا سیکرٹریوں کے نائب جہاں کہیں ہیں۔ وہ مقامی عہدہ دار ہیں نظارت علیا سے ان کی منظوری حاصل کرنے کی ضرورت نہیں (۴) مندرجہ ذیل عہدہ داروں کی منظوری دفاتر متعلقہ میں لکھ کر حاصل کی جائے نظارت علیا کی طرف سے ان عہدہ داروں کی منظوری کا اعلان نہیں ہوگا۔

(الف) قاضی — نظارت قضاء سے
(ب) محصل — بیت المال سے
(ج) سیکرٹری تحریک جدید — وکیل الدیوان تحریک جدید سے
(د) سیکرٹری مال تحریک جدید — وکیل المال تحریک جدید سے
(ہ) تحریری مجلس — نظارت امور عامہ سے
(ز) امام الصلوٰۃ وخطیب — تعلیم وتربیت سے

یاڑی پورہ۔ کشمیر

۱۔ پریذیڈنٹ :- راجہ غلام محمد خان صاحب
سیکرٹری تبلیغ — پیر غلام محمد صاحب
سیکرٹری مال — راجہ عطاء اللہ خان صاحب
سیکرٹری تعلیم وتربیت، امور عامہ — غلام محمد خان صاحب

طائین

۲۔ پریذیڈنٹ :- میاں گاماں صاحب
سیکرٹری مال :- جلال الدین صاحب
سیکرٹری تبلیغ :- میاں عبد الرحمٰن صاحب

شہدرہ وپٹھانہ تیر

۳۔ پریذیڈنٹ :- دوست محمد خان صاحب
سیکرٹری تبلیغ :- کرم دین صاحب
سیکرٹری مال :- عبد الستار صاحب

بیلاکوبہ۔ بنگال

پریذیڈنٹ — ماسٹر شمس الدین
امین — پردھان صاحب
سیکرٹری مال — شہید الاسلام
محاسب — پردھان صاحب
سیکرٹری تبلیغ :- شہید الحق صاحب
سیکرٹری تعلیم :- پنڈت سید علی صاحب
سیکرٹری امور عامہ :- احمد علی پردھان صاحب

چک ۹ عبد الستار والا

پریذیڈنٹ — مسٹر غلام نبی صاحب بی اے

کنویاں (کشمیر)

پریذیڈنٹ :- منشی علی بہادر خان صاحب
وائس پریذیڈنٹ — کالا خان صاحب
سیکرٹری — محمد حسین صاحب

منگناڑ (پونچھ)

پریذیڈنٹ — فضل حسین صاحب
سیکرٹری — زرداد خان صاحب

ڈیرہ اسمٰعیل خان

سیکرٹری امور عامہ :- خان صاحب حاجی غلام حق صاحب
سیکرٹری مال :- ساجد اد علوی صاحب پنشنر
سیکرٹری تعلیم وتربیت :- بابو محمد حسین صاحب پنشنر
سیکرٹری تبلیغ :- ایضاً

اوڑ ضلع جالندھر

پریذیڈنٹ :- حکیم بشیر محمد صاحب
سیکرٹری مال ومحاسب :- حکیم عبد اللطیف صاحب نصرت
سیکرٹری تبلیغ :- رحمت علی صاحب
سیکرٹری تعلیم وتربیت :- عبد المجید صاحب

نسیم آباد

پریذیڈنٹ :- مرزا اکمل بیگ صاحب
سیکرٹری تبلیغ :- چوہدری فضل احمد صاحب
سیکرٹری تعلیم وتربیت :- خان حبیب اللہ خان صاحب
سیکرٹری مال :- مرزا احمد صادق صاحب :- سیکرٹری امور عامہ وخارجہ :- چوہدری سردار محمد صاحب

ضروری خبریں

وائسرائے ہند لنڈن جا رہے ہیں

نئی دہلی ۱۶ مئی۔ دہلی اور لنڈن سے بہ یک وقت ایک سرکاری اعلان جاری کیا گیا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ وائسرائے نے ہندوستان کو اختیارات منتقل کرنے کے سلسلے میں جو تجاویز بھیجی تھیں۔ ان پر گذشتہ دس دن تک برطانوی گورنمنٹ نے پوری طرح غور کیا ہے۔ گورنمنٹ عام طور پر ان تجاویز کے حق میں ہے۔ لیکن چونکہ ان تجاویز کا ہندوستان برطانیہ بلکہ دنیا بھر پر گہرا اثر پڑنے والا ہے اس لئے گورنمنٹ نے فیصلہ کیا ہے کہ آخری بار غور کرنے کے لئے وائسرائے ہند تھوڑے دنوں کے لئے لنڈن آ جائیں۔ امید ہے کہ وائسرائے ہند ایک آدھ دن تک ہی لنڈن روانہ ہو جائیں گے۔ اور ۲ جون سے قبل واپس دہلی پہنچ جائیں گے۔ رائٹر کے سیاسی نامہ نگار کا خیال ہے کہ پانچ ماہ کے بعد پارلیمنٹ کا جو سیشن ہوگا اس میں انتقال اقتدار کے سلسلے میں آخری فیصلے کئے جائیں گے۔ حکومت کی کوشش یہ ہے کہ اس عرصہ میں تمام ابتدائی مراحل طے کر لئے جائیں۔

۲ جون کو جن تجاویز کا اعلان ہوگا معلوم ہوا ہے کہ اس میں اس امر کا قطعی اور دو ٹوک فیصلہ کر دیا جائے گا۔ کہ ہندوستان متحد رہے یا تقسیم ہو جائے۔ وائسرائے کو لنڈن بلانے کا فیصلہ کل رات وزارت نے مسٹر اٹیلی کی صدارت میں کیا۔

وائسرائے کی مسٹر جناح اور دیگر لیڈروں سے ملاقاتیں

نئی دہلی ۱۶ مئی۔ آج شام کو ساڑھے پانچ بجے وائسرائے ہند نے مسٹر محمد علی جناح سے ملاقات کی۔ اس سے پیشتر آپ نے مسٹر لیاقت علی خان، سردار پٹیل، مہاراجہ پٹیالہ اور مہاراجہ فریدکوٹ سے بھی ملاقات کی۔ رات کو پنڈت نہرو سے بھی آپ نے تبادلہ خیالات کیا۔

لاہور میں فساد

لاہور ۱۶ مئی۔ آج دن بھر شہر کے اندرونی حصہ میں جھگڑے جاری رہے۔ اکا دکا حملوں آتشزدگی اور بارودی بوتلیں پھینکنے کا سلسلہ جاری رہا۔ کل چوبیس گھنٹہ کا کرفیو آرڈر نافذ کر دیا گیا تھا۔ آج کچھ عرصہ کے لئے کرفیو کی پابندی ہٹانے کے بعد پھر بارہ گھنٹے کا کرفیو نافذ کر دیا گیا ہے۔ رات کو نسبتاً امن رہا۔ آچاریہ کرپلانی صدر کانگرس نے شہر کے فساد زدہ علاقہ کا دورہ کیا۔ مسلم لیگی زعماء نے بھی شہر میں پھر کر امن قائم کرنے کی کوشش کی۔ ابتک ۳۲ اشخاص ہلاک ہو چکے ہیں۔

تنخواہ کمیشن کی سفارشات اور حکومت ہند

نئی دہلی ۱۶ مئی۔ حکومت ہند نے تنخواہ کمیشن کی سفارشات کے بنیادی اصولوں کو منظور کر لیا ہے۔ البتہ چند ایک امور میں اختلاف کیا ہے۔ کمیشن نے سفارش کی تھی کہ ہزار روپیہ سے زیادہ تنخواہ لینے والے افسروں کو الاؤنس نہ دیا جائے۔ اور شادی شدہ اور غیر شادی شدہ افسروں کے الاؤنسوں میں کوئی امتیاز نہ کیا جائے۔ حکومت نے یہ دونوں باتیں تسلیم نہیں کیں۔ ان سفارشات کے مطابق تنخواہوں اور الاؤنسوں کے نئے سکیلوں پر عمل کرنے سے حکومت ہند کو ہر سال تیئس کروڑ روپیہ زائد خرچ کرنا پڑے گا۔ اس میں سے ۱۴ کروڑ روپیہ ریلوے اور ڈاک و تار کے محکموں کے ملازمین پر خرچ ہوگا۔

مسٹر جناح کا پیغام

نئی دہلی ۱۶ مئی۔ مسٹر محمد علی جناح نے اتحاد المسلمین ریاست حیدرآباد کے سالانہ اجلاس کے موقعہ پر ایک بیان دیتے ہوئے کہا۔ یہ وقت مسلمانان ہند کے لئے سخت نازک ہے ہمارے آج کے فیصلے صدیوں تک مسلمانوں پر اثر انداز رہیں گے۔ اس لئے ہمیں ہر قدم پورے غور و خوض اور احتیاط کے ساتھ اٹھانا چاہئے۔ آپ نے اس امر پر افسوس کا اظہار کیا کہ دہلی کے موجودہ اہم آئینی مذاکرات کی وجہ سے میں دہلی چھوڑ کر اجلاس میں شریک نہیں ہو سکتا۔

گورنمنٹ کی طرف سے امدادی رقوم دینے کا اعلان

پنجاب گورنمنٹ نے پچیس ۲۵ ہزار روپے کی رقم الگ کر دی ہے جس سے مالی سال رواں کے دوران میں نوجوان تعلیم یافتہ پنجابیوں کو صنعتی ذرائع سے معاش پیدا کرنے میں مدد دینے کی غرض سے امدادی رقوم دی جائیں گی۔ یہ امدادی رقوم ان افراد کو جنہوں نے کسی خاص صنعت و حرفت میں ٹریننگ لی ہو۔ اس سے متعلقہ کاروبار صنعت یا حرفہ کے جاری کرنے کیلئے عطا کی جائیں گی۔ جو لوگ پہلے ہی کسی کاروبار یا حرفہ میں مصروف ہیں۔ ان کو اپنی سرگرمیوں کی توسیع کیلئے بھی امدادی رقوم دی جا سکتی ہیں۔ چند افراد کے مجموعے یا کوآپریٹو اداروں کو ترجیح دی جائے گی۔

معمولاً کوئی امدادی رقم ڈیڑھ ہزار روپیہ سے تجاوز نہیں کرے گی۔ لیکن خاص حالتوں میں اس سے زیادہ رقم بھی دی جا سکتی ہے۔ یہ رقوم نہ تو واپس لی جائیں گی۔ اور نہ دوبارہ دی جائے گی۔ لیکن عام طور پر اس شرط کے تحت ہونگی کہ امداد پانے والا کم از کم اتنی ہی رقم اپنی جیب سے خرچ کرے۔ جتنی کہ گورنمنٹ نے دی ہے۔

اس سکیم کا مقصد صوبے میں بے روزگاری کو دور کرنا اور صنعت و حرفت کو ترقی دینا ہے۔ اس سکیم کے ماتحت امدادی رقوم بالخصوص ذیل کے کاموں کیلئے دی جائیں گی۔

ا۔ آلات۔ اوزاروں اور کلوں کی خرید معہ ان کے نصب کرنے کے اخراجات کے۔

